مطبوعات

(تبصرہ کے لیے جو کتاب بھیجی جائے اُس کے دو نسخے بھیجنا لازمی ہیں)

(ادارہ)

ECONOMIC ILLS معاشی خرابیاں	تالیف: یوسف۔ ایچ شیرازی صدر ایوان تجارت وصنعت، کراچی شائع کردہ: شیرازی انوسٹمنٹ لمیٹڈ۔ ایف/۳۶ ایس۔آئی۔ٹی۔ای۔ کراچی۔

قیمت چھ روپے صفحات ۱۵۸۔

کتاب کے مصنف اس ملک کے صنعتی اور تجارتی شعبہ جات کی ایک اونچی شخصیت ہیں اور ملک کے معاشی مسائل اور ان کی نوعیت سے اچھی طرح واقف ہیں زیر تبصرہ کتاب میں انہوں نے حکومت کی معاشی پالیسیوں کا ناقدانہ جائزہ لیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ ان کی خامیوں کی وجہ سے ملک کے معاشی حالات پر کیا مضر اثرات مترتب ہوتے ہیں۔

یہ کتاب مصنف کے متفرق مضامین اور خطبات کا مجموعہ ہے مگر ان میں ایک معنوی ترتیب اور مقصدی ربط پایا جاتا ہے۔ تبصرہ نگار کے نزدیک اس کتاب میں دو چیزوں کی کمی محسوس ہوتی ہے ایک یہ کہ مصنف نے ملک کے معاشی حالات اور معاشرتی ماحول کے باہمی تعلق کی تو نشاندھی کی ہے مگر اس ضمن میں پاکستانی معاشرے کے دینی تقاضوں کو یکسر نظر انداز کر دیا ہے۔ دوسرے ان مضامین میں نقد و نظر کا زاویہ یکسر سرمایہ دارانہ ہے۔ کاش فاضل مصنف اسلامی نقطہ نظر سے ملک کی معاشی صورت حال کا جائزہ لیتے۔

اس کمی کے باوجود کتاب بڑی دلچسپ اور معلومات افزا ہے۔ فاضل مصنف نے مواد جمع کرنے میں بڑی عرقریزی کا ثبوت دیا ہے۔ معیار طباعت عمدہ ہے۔

اسماء الرجال تالیف: علامہ شیخ ولی الدین خطیب تبریزی۔ شائع کردہ: نور محمد کارخانہ کتب آرام باغ، کراچی۔ صفحات ۱۴۲ قیمت درج نہیں۔

صاحب مشکوٰۃ نے احادیث کے راویوں کے جو مختصر حالات درج کیے ہیں یہ ان کا اردو ترجمہ ہے۔ اس میں صرف صحابہؓ۔ صحابیات، تابعینؒ تابعیاتؒ کا تذکرہ ہے۔ اسماء الرجال کے بارے میں ابتدائی معلومات حاصل کرنے کے لیے یہ کتاب نہایت مفید اور وقیع ہے۔ اگر ناموں کے ساتھ اعراب کا التزام کر دیا جاتا تو اس کی افادیت میں اور بھی اضافہ ہو جاتا۔ معیار طباعت گوارا ہے۔ کاغذ البتہ ناقص ہے۔

اسلام اور جدید ذہن کے شبہات	تالیف: جناب محمد قطب صاحب ترجمہ جناب محمد سلیم کیانی صفحات ۲۵۵

قیمت دس روپے۔ ناشر۔ المحراب سمن آباد۔ لاہور۔

کتاب کے مصنف جدید مصر کے نامور اسلامی ادیب اور مفکر اور سید قطب مرحوم و مغفور کے بڑے بھائی ہیں۔ ان کا انداز بیان سادہ اور موثر ہے اور اسلام کے ساتھ ان کی گہری محبت اور اس کی صداقت پر غیر متزلزل یقین ان کے ایک ایک لفظ سے جھلکتا ہے۔ اسلام اور جدید ذہن کے شبہات کا مخاطب جدید انسان ہے جو جادہ مستقیم سے ہٹ کر تاریکی میں ٹامک ٹوئیاں مار رہا ہے۔ محمد قطب نے اس کتاب کے ذریعہ انہیں ظلمت سے نور میں لانے کی کوشش کی ہے اور اس کے ان شکوک و شبہات کو دور کیا ہے جو اسلامی تعلیم و تربیت اور اسلامی ماحول کے فقدان کی وجہ سے اس کے دل و دماغ میں راہ پا چکے ہیں۔

اس قابل قدر تصنیف کے فاضل مترجم جناب سلیم کیانی صاحب پہلے اس کتاب کو انگریزی میں منتقل کر چکے ہیں۔ اور اب انہوں نے اسے اردو زبان کا نہایت خوبصورت جامہ عطا کیا ہے۔

کتابت اور طباعت کا معیار نہایت اچھا ہے۔

مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی

کے قلم سے

اب سے ۴۴ سال پہلے کی ایک عظیم تحریر

"اسلام کا سرچشمۂ قوت"

آفسیٹ کی اعلیٰ طباعت، قیمت سوا دو روپے شائع کردہ ——— ایوان ادب، چوک اردو بازار، لاہور۔ فون نمبر 67166